266

# قرآن ہے حسینؑ

رحلِ بتولِ پاکؑ میں قرآن ہے حسینؑ
حافظ نہیں محافظِ ایمان ہے حسینؑ

جبرئیلؑ جسکے ناز اٹھاتے ہیں ناز سے
سجدوں کو اِس کے پوچھئے جا کر نماز سے
سجدوں پہ اور نماز پہ احسان ہے حسینؑ

واللیل زلف چہرہِ پُر نور والنجوم
والشمّس ہے شبابِ جناں باقرِ علوم
مخفی خدا کی ذات تھی پہچان ہے حسینؑ

مجھ سے میرا حسینؑ ہے میں ہوں حسینؑ سے
ثابت ہے یہ حدیثِ شہہِ مشرقین سے
قرآن میں ہوں اور میرا جُزدان ہے حسینؑ

پاکیزگی میں آیتِ تطہیر کا جمال
علمِ ابوتراب سے اتنا ہے مالا مال
قرآن کہہ رہا ہے میری شان ہے حسینؑ

پیارا یہ کس قدر ہے سنا ہے بتولؑ سے
شام و سحر یہ کہتی تھیں زہراؑ رسولؐ سے
بابا میرے سکون کا سامان ہے حسینؑ

غازیؑ تو بچپنے سے ہی اِن پر نثار تھا
طاقت تھا بازوؤں کی وہ دل کا قرار تھا
کہتا تھا میری روح کا ارمان ہے حسینؑ

لگتی جو پیاس رات میں شبیرؑ کو کبھی
غازیؑ سرہانے جام لئے کہتا تھا یہی
مولاؑ کی جان میں ہوں میری جان ہے حسینؑ

صابر نہیں ہے صبر کا پروردگار ہے
وقتِ جہاد چلتی ہوئی ذوالفقار ہے
راہب سے پوچھ مرضیِ رحمان ہے حسینؑ

زیدی نسب ہوں کہہ دیا رضوانِؔ خلد سے
ریحانؔ اعظمی کی شفاعت کے واسطے
چودہ سو سال سے تیرا اعلان ہے حسین